4 /21

**0404E24**

Candidate's Seat No :________

**M.A Semester-4 Examination**

**509**

**Urdu (EA)**

**April-2024**

**Time : 2-30 Hours]** **[Max. Marks : 70**

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات لازمی ہیں اور ان سبھی کے مارکس بائیں جانب درج ہیں۔ سوال نامے میں درج نمبر ہی جوابی پرچے پر تحریر کریں۔

سوال : ۱ ادبی تحریکات و رُجحانات کی اہمیت اور افادیت پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔ ۱۴

(یا)

جدیدیت کیا ہے؟ جدیدیت کی تحریک کے اسباب اور مقاصد پر روشنی ڈالیے۔

سوال:۲ ادبی تحریک کا مفہوم بیان کرتے ہوئے اسکی ماہیت، معنویت اور اہمیت بیان کیجیے۔ ۱۴

(یا)

ترقی پسند تحریک کا آغاز اور اغراض و مقاصد پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

سوال : ۳ "رومانیت" کا مفہوم واضح کرتے ہوئے رومانی تحریک کے آغاز کے اسباب بیان کیجیے۔ ۱۴

(یا)

"تحریک انجمن پنجاب" کے آغاز اور اس کے اغراض و مقاصد پر سیر حاصل بحث کیجیے۔

سوال : ۴ مندرجہ ذیل میں سے کسی بھی دو پر مختصر نوٹ لکھیے۔ ۱۴

(۱) فورٹ ولیم کالج کی تحریک

(۲) تحریک اور رجحان میں فرق

(۳) تحریک حلقۂ ارباب ذوق کے مقاصد

(۴) "علی گڑھ تحریک" کے اغراض و مقاصد

سوال:۵ مندرجہ ذیل میں سے کسی بھی سات (۷) سوالات کے جوابات لکھیے۔ ۱۴

(۱) "رجحان جس شعبے سے متعلق ہوتا ہے وہ اسی میں اثر دکھاتا ہے۔" یہ کس نے کہا ہے؟

(۲) مجتبیٰ حسین نے ادبی تحریک کی کیا تعریف پیش کی ہے؟

(۳) جدیدیت خلاء میں لٹکی ہوئی نہیں ہوتی بلکہ اس کی جڑیں اپنی روایات میں ہوتی ہیں۔" کس نے کہا؟

(۴) علی گڑھ تحریک" کی بنیاد کس عیسوی سن میں رکھی گئی؟

(P.T.O.)

E24-2



(۵) "جذباتی آرزومندی" کو عام طور پر کس تحریک سے جوڑا جاتا ہے؟

(۶) "ہر تحریک اپنا ایک دائرۂ عمل خود وضع کرتی ہے۔" یہ کس نے کہا ہے؟

(۷) "جدیدیت ایک اضافی چیز ہے۔" ایسا کس نے کہا ہے؟

(۸) "انجمن پنجاب" کا قیام کس کی کوششوں کا نتیجہ تھا؟

(۹) شہرۂ آفاق تصنیف "Defense of Poetry" کے خالق کون ہیں؟

(۱۰) رومانوی تحریک کو عموماً کس کا ردِ عمل قرار دیا جاتا ہے؟

(۱۱) ترقی پسندوں ادیبوں کی دوسری کل ہند کانفرنس کس سن میں اور کہاں منعقد ہوئی؟

(۱۲) فورٹ ولیم کالج میں "اُردو۔ہندوستانی شعبے" کے پہلے صدر کون تھے؟

---پایان---

0404E24 —3 Candidate's Seat No : ________

M.A Semester-4 Examination

509

Urdu (EB)

April-2024

Time : 2-30 Hours] [Max. Marks : 70

---

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات لازمی ہیں اور ان سبھی کے مارکس بائیں جانب درج ہیں۔ سوال نامے میں درج نمبر ہی جوابی پرچے پر تحریر کریں۔

سوال : ۱ مرزا رفیع سوداؔ کی قصیدہ نگاری کی خصوصیات پر سیر حاصل بحث کیجیے۔ ۱۴

(یا)

اُردو ادب میں قصیدہ نگاری کی ابتداء اور ارتقاء پر روشنی ڈالیے۔

سوال : ۲ اُردو قصیدے کے اجزائے ترکیبی بیان کیجیے۔ ۱۴

(یا)

قصیدہ کیا ہے؟ اس کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کے فن پر بحث کیجیے۔

سوال: ۳ مرزا رفیع سوداؔ کے دَور کے سیاسی، سماجی اور ادبی حالات پر روشنی ڈالیے۔ ۱۴

(یا)

محسن کاکوری کی قصیدہ نگاری پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

سوال: ۴ مندرجۂ ذیل سوالوں میں سے کسی بھی دو (۲) کے جواب لکھیے۔ ۱۴

(۱) قصیدے کے زوال کے اسباب

(۲) مرزا رفیع سوداؔ کی ہجو گوئی

(۳) مرزا غالبؔ کی قصیدہ نگاری

(۴) شیخ محمد ابراہیم ذوقؔ کی قصیدہ نگاری

سوال:۵ مندرجہ ذیل میں سے کسی بھی سات (۷) سوالات کے جوابات لکھیے۔ ۱۴

(۱) اُردو کے کس شاعر نے اپنے قصائد میں اُمراء اور رؤساء کی مدح سرائی سے احتراز کیا؟

(۲) سوداؔ کو اُردو قصیدہ کا ''نقاشِ اوّل'' کس شاعر نے کہا ہے؟

(۳) ''اُردو میں قصیدہ نگاری'' کتاب کے خالق کون ہیں؟

(۴) قصیدے کا مشکل ترین جزو کسے مانا جاتا ہے؟

(P.T.O.)

E24-4



(۵) فارسی قصیدہ "تحفتہ النصائح" کے خالق کون ہیں؟

(۶) سودا کے اجداد کا تعلق کہاں سے تھا؟

(۷) سودا نے سب سے پہلے کس کی شاگردی اختیار کی؟

(۸) "تشبیب" کے لفظی معنی کیا ہیں؟

(۹) ابن رشیق نے کس چیز کو قصیدہ کے معائب میں شمار کیا ہے؟

(۱۰) "اُردو قصیدے کا سماجیاتی مطالعہ" کس ادیب کی تصنیف ہے؟

(۱۱) قصیدے میں مقطع کے شعر کو اور کس نام سے جانا جاتا ہے؟

(۱۲) ولی نے احمد آباد کے کس صوفی بزرگ کی مدح میں قصیدہ لکھا ہے؟

---پایان---